# 21-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## POPE FRANCIS:

وزیراعظم نریندر مودی نے پوپ فرانس کے انتقال پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے عالمی کیتھولک برادری سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔سوشیل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ پوپ فرانس محبت واخوت اور دنیا بھر میں کروڑوں افراد کے روحانی عزم کے لئے ایک چراغ راہ تھے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بھی پوپ فرانس کے انتقال پر اپنے دکھ کا اظہار کیا۔ پوپ فرانس رومن کیتھولک چرچ کے رہنما اور ویٹکن سٹی کے سربراہ تھے۔چیف منسٹر نے پوپ کو خراج عقیدت پیش کیا۔

## IPL:

آئی پی ایل T20 کرکٹ میں آج شام کولکتہ کے ایڈن گارڈن پر کولکتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس کے ساتھ ہوگا۔ سات میچوں میں پانچ کامیابیوں اور 10 پوائنٹس کے ساتھ گجرات پوائنٹس کے ٹیبل پر سرفہرست ہے۔کولکتہ نے تین کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اسے چار میاچوں میں شکست ہوئی۔ وہ پوائنٹس کے ٹیبل پر ساتویں مقام پر ہے۔کل رات وانکھیڑے اسٹیڈیم میں میزبان ممبئی انڈینز نے چینائی سوپر کنگس کو 9 وکٹ سے شکست دی۔

## PM - DAY:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ 10 سال کے دوران ملک میں زبردست تبدیلی آئی ہے جبکہ حکومت نے مجموعی ترقی کو یقینی بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ مجموعی ترقی میں ہر مکان کو پینے کا صاف پانی، ہر بچے کو معیاری تعلیم، ہر تاجر کو مالیہ تک رسائی اور ہر گھر کو ڈیجیٹل معیشت کے فوائد شامل ہیں۔ وزیراعظم نے آج دہلی میں 17 ویں سیول سرویس ڈے کے موقع پر سیول سرونٹس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ حقیقی ترقی اسی وقت ہوسکتی ہے جب اس کا اثر بڑے پیمانے پر اور

بامعنی ہو۔وزیراعظم نےنوجوانوں،کسانوں اورخواتین کی امنگوں کوپوراکرنے کے لئے غیرمعمولی رفتار کی ضرورت پرزوردیااورکہاکہ ان کے خواب غیرمعمولی سطح تک پہنچ گئے ہیں۔

SOUND BYTE MODI

مودی نے مزید کہا کہ بھارت حکمرانی، شفافیت اورنئی ایجادات میں نئے معیارقائم کررہا ہے۔اس موقع پرانہوں نے سیول سرونٹس کواضلاع کی مجموعی ترقی ، پرامنگ بلاکس کے پروگرام اورنئی ایجادات کے زمروں میں پرائم منسٹرس ایوارڈس فار ایکسلنس اِن پبلک اڈمنسٹریشن پیش کئے۔ انہوں نے اس پروگرام کے دوران دو ای۔بکس کی رسم اجراانجام دی۔عادل آباد کے ضلع کلکٹر راجرشی شاہ نےضلع میں نیتی آیوگ کے پرامنگ بلاک پروگرام کےتحت نارنوربلاک کے لئے پرائم منسٹرس ایکسلنس ایوارڈ حاصل کیا۔

RAHUL - LETTER:

کانگریس کی سینئرلیڈراورلوک سبھامیں اپوزیشن کے لیڈرراہول گاندھی نے چیف منسٹرریونت ریڈی پرزوردیاہے کہ وہ ریاست میں روہت ویمولاایکٹ بنائیں تاکہ کسی بھی بچہ کواس امتیازی سلوک کا سامنانہ کرناپڑے جس کا سامنا ڈاکٹربی آرامبیڈکر۔روہت ویمولااوردیگرلاکھوں طلبہ کوکرناپڑا۔ چیف منسٹرکے نام ایک مکتوب میں کانگریس کے سابق صدرنے طالب علمی کے دورمیں ڈاکٹربی آر امبیڈکر کے ساتھ ہوئے امتیازی سلوک کا تذکرہ کیا۔ یونیورسٹی آف حیدرآباد کے دلت اسکالر روہت ویمولانے جنوری 2016ءمیں خودکشی کرلی تھی۔اس کے بعددونوں تلگوریاستوں میں مختلف گوشوں سے یہ مطالبہ کیاگیاکہ تعلیمی اداروں میں ذات پات کی بنیادپرامتیازی سلوک کے خاتمہ کے لئے ایک قانون بنایاجائے۔روہت ویمولاکی خودکشی کے بعدیونیورسٹی کے طلبہ نے اپنے احتجاج کے دوران اس قانون کامطالبہ کیاتھا۔

WEATHER:

تلنگانہ کے اضلاع ملگو بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدی پیٹ، یدادری بھونگیری، رنگاریڈی، حیدرآباد اور میڑچل ملکاجگری میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران یکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ کل بھی بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ناگرکرنول، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں یہی صورتحال برقراررہ سکتی ہے۔ آئندہ تین دن کے دوران ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری اضافہ کا امکان ہے۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق رنگاریڈی ضلع میں یکا دوکا مقامات پر گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ژالہ باری ہوئی۔ ریاست میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 43.5 ڈگری سلسیس عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے کانگریس اور بی آر ایس پر الزام لگایا ہے کہ انہوں نے کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے ساتھ ہاتھ ملا کر جمہوری اصولوں کو دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں پارٹیوں نے ایم ایل سی انتخابات کے عمل کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ بی جے پی کے ریاستی ہیڈکوارٹر پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ حکمران کانگریس اور اصل اپوزیشن جماعت بی آر ایس نے مجلس کی مدد کیلئے قانون ساز کونسل کے انتخابات نہ لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ADD POPE FRANCIS

پوپ فرانسس طویل علالت کے بعد چل بسے۔ وہ 88 سال کے تھے۔ وہ 12 سال تک پوپ کے عہدہ پر فائز رہے اور اس کے دوران وہ مختلف عوارض میں مبتلا تھے۔ حالیہ ہفتوں میں کافی پیچیدگیاں پیدا

ہوگئی تھیں۔ پوپ فرانسس کوغریبوں کی آواز کے طور پر جانا جاتا ہے۔انہوں نے کیتھولک چرچ کو نیا روپ دیا تھا۔پوپ فرانسس چرچ کی تاریخ میں معمر ترین رہنماؤں میں سے ایک تھے۔

PAVILION:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو کے ساتھ مل کر آج جاپان کے باوقار اوسا کا ایکسپو میں انڈین پاویلین کے اندر تلنگانہ زون کا افتتاح کیا۔اوسا کا ایکسپو عالمی سطح پر ایک مسلمہ پروگرام ہے جو پانچ سال میں ایک مرتبہ منعقد ہوتا ہے۔تلنگانہ اس باوقار عالمی فورم میں شرکت کرنے والی پہلی ہندوستانی ریاست ہے۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ یہ پویلین تلنگانہ کے ثقافتی ورثہ، تیزی کے ساتھ ترقی کررہے صنعتی شعبہ اور تیزی سے پروان چڑھ رہے سیاحت کے شعبہ، کی عکاسی کرتا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کا وفد تاریخی دوستی کو مستحکم کرنے کے لئے جاپان کا دورہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے پالیسیوں کو مستحکم کیا ہے۔کاروبار کو آسان بنایا ہے اور عالمی سطح کا انفرااسٹرکچر مہیا کیا ہے۔ریاست کی خوبیوں کی ذکر کرتے ہوئے وزیر صنعت سریدھر بابو نے کہا کہ حکومت سنگل ونڈو کے ذریعہ صنعتی منظوریہ دے رہی ہے اور ترغیبات فراہم کررہی ہے۔

RYTHU MAHOTSAV:

ریاستی وزرا تو ملا ناگیشور راؤ، جوپلی کرشنا راؤ اور اتم کمار ریڈی نے آج تین روزہ رعیّتو مہااتسوم کا افتتاح کیا۔اس مہااتسوم میں جدید زرعی سازوسامان، کثیر پیداوار والی فصلوں کی اقسام اور اعلیٰ نسل کے مویشیوں کی نمائش کی جارہی ہے۔ یہ مہااتسو نظام آباد ضلع میں گری راج گورنمنٹ ڈگری کالج کے میدان پر شروع ہوا۔اس مہااتسو میں جملہ 150 اسٹالس لگائے گئے ہیں۔ان اسٹالس میں جدید زرعی سازوسامان، کثیر پیداواری فصلوں، مویشیوں اور انوکھی مصنوعات کی نمائش کی جارہی ہے۔اس موقع پر تو ملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد قدرتی کاشتکاروں کے ساتھ جدید تکنالوجی کے استعمال

میں کسانوں کی مدد کرنا ہے تا کہ وہ اپنی پیداوار بڑھا سکیں اور کم سرمایہ کاری کے ذریعہ زیادہ آمدنی حاصل کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کسانوں کی بہبود کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے 33 ہزار کروڑ روپے کے قرضے معاف کردئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رعیّتو بھروسہ کے تحت جلد ہی فنڈس فراہم کیئے جائیں گے۔

○○